203- 0090152
प्रश्न पुस्तिका क्रमांक
Question Booklet Serial No.

विषय कोड :
Subject Code : 203

# SECONDARY SCHOOL EXAMINATION – 2022
# माध्यमिक स्कूल परीक्षा – 2022
## (ANNUAL/वार्षिक)

प्रश्न पुस्तिका सेट कोड
Question Booklet Set Code
**B**

# URDU (MT)

कुल प्रश्नों की संख्या : 100 + 4 = 104
**Total No of Questions : 100 + 4 = 104**

कुल मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 32
**Total No. of Printed Pages : 32**

(समय : 3 घंटे 15 मिनट)
[ Time : 3 Hours 15 Minutes ]

( पूर्णांक : 100)
[ Full Marks : 100]

***Instructions for the candidates :***

1. ***Candidates must enter his / her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.***
2. *Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*
3. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
4. *15 minutes of extra time have been allotted for the candidates to read the questions carefully.*
5. *This question booklet is divided into two Sections.* ***Section-A*** *and* ***Section-B.***



BiharboardQuestionpaper.com

## SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا جواب صحیح منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے :

50 × 1 = 50

1. نذیر احمد کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1835ء میں
(B) 1836ء میں
(C) 1837ء میں
(D) 1838ء میں

2. "حمیدہ"، "فہمیدہ" کی کون تھی ؟

(A) بیٹی
(B) بہن
(C) خالہ
(D) دوست

3. اردو میں خطوط کا سلسلہ کس نے شروع کیا ؟

(A) میر تقی میر
(B) خواجہ میر درد
(C) مرزا غالب
(D) داغ دہلوی





6. In **Section-A**, there are **100 objective type questions**, *out of which* **any 50 questions are to be answered.** *If more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries* **1 mark.** *For answering these darken the circle with* **blue/black ball pen** *against the correct option on* **OMR** *Answer Sheet provided to you.* **Do not use whitener/liquid/blade/nail etc. on OMR Answer sheet, otherewise the result will be treated invalid.**

7. *In* **Section-B,** *there are* **4 short answer and long answer type questions.** *Marks indicate left side against each questions.*

8. *Use of any electronic appliances is strictly prohibited.*

**ہدایات :**

1. امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔
2. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔
3. بائیں طرف حاشیے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔
4. سوالات پڑھنے کے لیے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔
5. یہ سوالیہ کتابچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن – A اور سیکشن – B۔
6. سیکشن – A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب دینے کے لئے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ نا قابل قبول ہوگا۔
7. سیکشن–B میں 4 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔
8. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

BiharboardQuestionpaper.com
Scanned with CamScanner

4. غالب کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) دہلی (B) آگرہ

(C) فیض آباد (D) رام پور

5. شہباز کس اخبار میں مدیر تھے ؟

(A) البلال (B) البلاغ

(C) دارالسلطنت (D) صدق جدید

6. مہدی افادی کے ذہن پر کس ادبی تحریک کا اثر تھا ؟

(A) ترقی پسند تحریک (B) علی گڑھ تحریک

(C) رومانی تحریک (D) ان میں سے کوئی نہیں

7. بیدی کا پورا نام کیا تھا ؟

(A) خشونت سنگھ (B) راجندر سنگھ

(C) مبلونت سنگھ (D) امریندر سنگھ





8. ناول "ایک چادر میلی سی" کے مصنف کون ہیں ؟

(A) کرشن چندر (B) پریم چند

(C) راجندر سنگھ بیدی (D) منٹو

9. شامل نصاب نظم "مناظر فطرت" چکبست کی کیسی شاعری کی بہترین مثال ہے ؟

(A) فطری شاعری (B) تاریخی شاعری

(C) رومانی شاعری (D) صوفیانہ شاعری

10. عیسیٰ خیل کہاں واقع ہے ؟

(A) پاکستان (B) لنکا

(C) ہندوستان (D) بنگلہ دیش

11. حرف ندا کی مثال ہے ؟

(A) لڑکوں! (B) کیا ؟

(C) مگر (D) البتہ



BiharboardQuestionpaper.com

nned with CamScanner

12. اسم آلہ کی مثال ہے ؟

(A) آری
(B) سرائے
(C) لڑکا
(D) نالا

13. لڑکھڑاہٹ کیا ہے ؟

(A) فعل
(B) مصدر
(C) حاصل مصدر
(D) اسم کیفیت

14. کاشف نے خط لکھا۔ اس میں "کاشف" کیا ہے ؟

(A) فعل
(B) فاعل
(C) مفعول
(D) حرف

15. "احمد آیا ہوگا۔" میں "آیا ہوگا" کون سا فعل ہے ؟

(A) ماضی بعید
(B) ماضی مطلق
(C) ماضی شکیہ
(D) ماضی قریب





16. تخلص کی مثال ہے ؟

(A) غالب
(B) خان بہادر
(C) شیر بہادر
(D) ابوالحسن

17. "تعریف" کی ضد کیا ہے ؟

(A) توہین
(B) تخصیص
(C) تنکیر
(D) توضیح

18. "شرم" کا مترادف لفظ کیا ہوگا ؟

(A) حیا
(B) بے شرم
(C) عزت
(D) وفا

19. "کان میں تیل ڈال کر بیٹھنا" کا کیا مطلب ہے ؟

(A) بے پرواہ ہونا
(B) کان میں دوا ڈالنا
(C) نقصان پہنچانا
(D) غرور کرنا



BiharboardQuestionpaper.com
nned with CamScanner

20. 'جسم' کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) جسیم (B) جسوم

(C) جسام (D) اجسام

21. آپ کے نصاب میں شامل حمد "حمد خدائے عزوجل" کے شاعر کون ہیں ؟

(A) سید محمد محسن (B) سرسید

(C) سہیل عظیم آبادی (D) شبنم کمالی

22. "شبنم بے نوا" کا کیا مطلب ہے ؟

(A) شبنم کی آواز

(B) شبنم کی خواہش

(C) شبنم کی خاموشی

(D) شبنم کی ترقی





23. رقیہ بھابی کو کالج سے ماہانہ کتنی تنخواہ ملتی تھی ؟

(A) پچاس روپے (B) چار سو روپے

(C) پانچ سو روپے (D) ایک ہزار روپے

24. بھائی جان کو بار بار جیل کیوں جانا پڑتا تھا ؟

(A) ڈکیتی کی وجہ کر (B) چوری کی وجہ کر

(C) سیاست کی وجہ کر (D) رشوت خوری کی وجہ کر

25. "جب رقیہ بھابی یاد آتی ہیں تو میرا............ خود بخود جذبۂ احترام سے جھک جاتا ہے۔" خالی جگہ کو مناسب لفظ سے پر کریں۔

(A) گردن (B) سینہ

(C) چہرہ (D) سر

26. سہیل عظیم آبادی کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

(A) دادیہال میں (B) نانیہال میں

(C) پھوپھی جان کے یہاں (D) خالہ جان کے یہاں



BiharboardQuestionpaper.com

nned with CamScanner

27. ڈاکٹر محمد محسن کس یونیورسیٹی میں پروفیسر تھے ؟

(A) مگدھ یونیورسیٹی

(B) پٹنہ یونیورسیٹی

(C) نالندہ یونیورسیٹی

(D) پاٹلی پترا یونیورسیٹی

28. قمر جہاں کے افسانوی مجموعے کا نام کیا ہے ؟

(A) انوکھی مسکراہٹ

(B) چار چہرے

(C) چارہ گر

(D) آنکھ مچولی

29. مادہ پرستی سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟

(A) دولت کی ہوس

(B) دنیاوی عیش وعشرت سے محبت

(C) (A) اور (B) دونوں

(D) جائز خواہشات کی تکمیل کے لئے دولت حاصل کرنا

30. نگار عظیم کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) زہرہ نگار

(B) ملکہ مہر نگار

(C) زر نگار

(D) مہوش





31. شامل نصاب مرثیہ غالب نے کس کی موت پر لکھا ہے ؟

(A) ذاکر

(B) ناصر

(C) عارف

(D) راشد

32. سراپا، رجز اور جنگ کس صنف کے اجزا ہیں ؟

(A) قصیدہ

(B) مرثیہ

(C) مثنوی

(D) رباعی

33. "زہر عشق" کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(A) مرثیہ

(B) مثنوی

(C) قصیدہ

(D) مسدس

34. اردو کی پہلی مثنوی کا کیا نام ہے ؟

(A) سحر البیان

(B) زہر عشق

(C) فریب عشق

(D) کدم راؤ پدم راؤ



BiharboardQuestionpaper.com

nned with CamScanner

35. مثنوی کس زبان کے توسط سے اردو میں شامل ہوئی ؟

(A) عربی (B) ہندی

(C) فارسی (D) ترکی

36. شوق لکھنوی کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) دلی (B) ممبئی

(C) لکھنؤ (D) بدایوں

37. نسیم کی مشہور مثنوی کا نام کیا ہے ؟

(A) سحرالبیان (B) گلزار نسیم

(C) سوز عشق (D) زہر عشق

38. بکاؤلی کا محبوب کون تھا ؟

(A) تاج الملوک (B) زین الملوک

(C) عین الملوک (D) نظیر الملوک



39. مصحفی کے والد کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(A) اکبرپور (B) جہانگیرپور

(C) شاہجہاں پور (D) حمیرپور

40. مثنوی "جذبۂ عشق" کے شاعر کون ہیں ؟

(A) شوق لکھنوی (B) دیاشنکر نسیم

(C) غلام ہمدانی مصحفی (D) میر تقی میر

41. جملہ کس سے بنتا ہے ؟

(A) فعلوں سے

(B) اسموں سے

(C) حرفوں سے

(D) لفظوں سے



BiharboardQuestionpaper.com
Scanned with CamScanner

42. واؤ مجہول کی مثال ہے ؟

(A) مور
(B) درخواست
(C) خواب
(D) حور

43. رقم کی جمع ہے ؟

(A) رقومات
(B) رقائم
(C) رقوم
(D) راقم

44. "کاشف آیا۔ وہ کھانا کھایا۔" اس میں 'وہ' کیا ہے ؟

(A) صفت
(B) موصوف
(C) ضمیر
(D) حرف





45. ماضی ناتمام کی مثال کون ہے ؟

(A) وہ گیا
(B) وہ جاچکا ہے
(C) وہ گیا تھا
(D) وہ جاتا تھا

46. درج ذیل میں مذکر کون ہے ؟

(A) ہاتھی
(B) چھڑی
(C) بجلی
(D) سوئی

47. اعراب کسے کہتے ہیں ؟

(A) زبر کو
(B) زیر کو
(C) پیش کو
(D) زبر، زیر اور پیش کو

48. "آنچ آنا" کا معنیٰ بتائیے۔

(A) جل جانا
(B) جھلس جانا
(C) نقصان پہنچانا
(D) آگ لگنا



BiharboardQuestionpaper.com
Scanned with CamScanner

49. 'پٹنہ' کیا ہے ؟

(A) اسم جامد
(B) اسم نکرہ
(C) اسم معرفہ
(D) (A) اور (C) دونوں

50. "میرے لئے ایک گلاس پانی لاؤ"۔ یہ جملہ کی کون سی قسم ہے ؟

(A) سوالیہ
(B) خبریہ
(C) استعجابیہ
(D) امریہ

51. "تمازت" کے صحیح معنی کیا ہیں ؟

(A) سردی
(B) نرمی
(C) گرمی
(D) زمینی

52. کس فصل کے کھیتوں سے میتھین گیس زیادہ نکلتی ہے ؟

(A) دھان
(B) سرسوں
(C) گیہوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں





53. سرسید کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1817ء
(B) 1818ء
(C) 1816ء
(D) 1819ء

54. "ادب کی پہچان" کس نوعیت کا مضمون ہے ؟

(A) مذہبی مضمون
(B) سیاسی مضمون
(C) اخلاقی مضمون
(D) تنقیدی مضمون

55. بھیم راؤ کتنے سال کے تھے کہ ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا ؟

(A) چھ سال
(B) پانچ سال
(C) سات سال
(D) آٹھ سال

56. لطف الرحمٰن کس عہدہ سے سبکدوش ہوئے ؟

(A) صدر شعبۂ اردو
(B) پرنسپل
(C) وائس چانسلر
(D) پرووائس چانسلر



BiharboardQuestionpaper.com

nned with CamScanner

57. آغا حشر سے متعلق تضاد آرا کا بنیادی سبب کیا ہے ؟

(A) اردو تنقید کی روایتی کج بینی
(B) آغا حشر سے ناپسندیدگی
(C) مذہبی انتہا پسندی
(D) آغا حشر سے دشمنی

58. آریہ بھٹ کا تعلق کس عہد سے تھا ؟

(A) گپت عہد
(B) مغلیہ عہد
(C) موریہ عہد
(D) برطانوی عہد

59. کسی ستارہ یا سیارہ پر پردہ پڑ جانے کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) زلزلہ
(B) سنامی
(C) گرہن
(D) ان میں سے کوئی نہیں

60. سورج گرہن کیسا واقعہ ہے ؟

(A) سائنسی
(B) مذہبی
(C) جغرافیائی
(D) تاریخی





61. کس فعل میں حال اور مستقبل دونوں پائے جاتے ہیں ؟

(A) حال
(B) ماضی
(C) مضارع
(D) مستقبل

62. مہمل لفظ ہے

(A) جس کا معنیٰ ہو
(B) جس کا معنیٰ نہیں ہو
(C) جس کا معنیٰ آسان ہو
(D) جس کا معنیٰ مشکل ہو

63. "لڑکے محنت سے کامیاب ہوتے ہیں"۔ اس جملے میں حرف کونسا ہے ؟

(A) محنت
(B) کامیاب
(C) لڑکا
(D) سے

64. ماضی کے جس فعل میں کام کا جاری رہنا پایا جاتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) ماضی ناتمام
(B) مطلق
(C) قریب
(D) بعید



BiharboardQuestionpaper.com
nned with CamScanner

65. غلام کا مؤنث ہے ؟

(A) بچہ (B) بچی

(C) لونڈی (D) لڑکا

66. اسم جمع کی مثال ہے ؟

(A) بھیڑ (B) ٹوپیاں

(C) کاپی (D) خطوط

67. ''پھولے نہ سمانا'' کا مطلب ہے ؟

(A) بہت خوش ہونا (B) پھول پرونا

(C) پھول خریدنا (D) پھول جیسی چیز

68. جملے میں ''تھا'' کس کی علامت ہے ؟

(A) ماضی بعید (B) ماضی قریب

(C) ماضی مطلق (D) ماضی احتمالی





69. علم نحو میں کس کی بحث ہوتی ہے ؟

(A) لفظ (B) جملے

(C) حروف (D) اسماء

70. ''محمد اکرام نے خط لکھا''۔ اس میں ''لکھا'' کیا ہے ؟

(A) فعل (B) فاعل

(C) مفعول (D) ان میں سے کوئی نہیں

71. جگن ناتھ آزاد تقسیم ملک کے بعد دہلی کب آئے ؟

(A) 1948ء (B) 1947ء

(C) 1949ء (D) 1950ء

72. پرویز شاہدی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟

(A) ہم نوجوان ہیں (B) انڈیا گیٹ

(C) مناظر قدرت (D) کھنڈرات



BiharboardQuestionpaper.com
nned with CamScanner

73. "تثلیث حیات" کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) اخترالایمان

(B) پرویز شاہدی

(C) ندا فاضلی

(D) محمد جعفری

74. نظم "بہت آسان تھی پہلے" کے شاعر کون ہیں ؟

(A) چکبست

(B) جگن ناتھ آزاد

(C) پرویز شاہدی

(D) ندا فاضلی

75. ندا فاضلی کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) جے پور

(B) دہلی

(C) گوالیار

(D) لکھنؤ

76. نظم "بجلی کا کھمبا" کس طرح کی نظم ہے ؟

(A) پابند نظم

(B) نظم معری

(C) آزاد نظم

(D) ان میں سے کوئی نہیں





77. سید محمد جعفری کا تعلق کس ملک سے ہے ؟

(A) ہندوستان

(B) ایران

(C) پاکستان

(D) بنگلہ دیش

78. درج ذیل شعراء میں مزاح کے شاعر کون ہیں ؟

(A) رمز عظیم آبادی

(B) سید محمد جعفری

(C) بیکل اتساہی

(D) زبیر رضوی

79. لفظ "مرثیہ" کس زبان سے ماخوذ ہے ؟

(A) عربی

(B) فارسی

(C) ہندی

(D) انگریزی

80. مرزا نوشہ کسے کہا جاتا ہے ؟

(A) غالب

(B) میر تقی میر

(C) اکبر الہ آبادی

(D) اقبال



बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

nned with CamScanner

B

81. غزل عربی کے کس صنف شاعری سے ماخوذ ہے ؟

(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) نظم
(D) مثنوی

82. اردو شاعری میں مبارک کے استاد کون تھے ؟

(A) مومن
(B) داغ دہلوی
(C) آتش
(D) راسخ عظیم آبادی

83. احمد فراز کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) کراچی
(B) اسلام آباد
(C) پشاور
(D) راولپنڈی

84. وفات سے چند ماہ قبل کون دربھنگہ کے ایک مشاعرہ میں شامل ہوئے تھے ؟

(A) احمد فراز
(B) حسن نعیم
(C) پروین شاکر
(D) عرفان صدیقی





B

85. پروین شاکر کس تحریک سے وابستہ تھیں ؟

(A) ترقی پسند تحریک
(B) علی گڑھ تحریک
(C) نسائی تحریک
(D) رومانی تحریک

86. عرفان صدیقی کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) عرفان احمد صدیقی
(B) غفران احمد صدیقی
(C) عمران احمد صدیقی
(D) فرقان احمد صدیقی

87. دوہے کے ہر مصرعہ میں کیا ہوتا ہے ؟

(A) سکتہ
(B) وقفہ
(C) تھمہ
(D) طویل وقفہ

88. ''سچائیاں'' ظفر گورکھپوری کا کیسا مجموعہ ہے ؟

(A) اخلاقی
(B) بچوں سے متعلق
(C) مذہبی
(D) سیاسی



BiharboardQuestionpaper.com
nned with CamScanner

89. سلام مچھلی شہری نے کتنے سال کی عمر میں شاعری شروع کی ؟

(A) چودہ (B) پندرہ

(C) سولہ (D) بیس

90. شاعر نے شامل نصاب گیت میں کس ندی کا تذکرہ کیا ہے ؟

(A) جمنا (B) گنگا

(C) گومتی (D) گھاگھرا

91. کس دبستان کا تعلق بہار سے ہے ؟

(A) دبستان دلی (B) دبستان دکن

(C) دبستان لکھنؤ (D) دبستان عظیم آباد

92. شاردا گوپی ناتھ کی کون تھی ؟

(A) ملازم (B) بیوی

(C) بیٹی (D) بہن





93. ''واترک کے کنارے'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے ؟

(A) اسلم مرزا (B) مظہر الحق علوی

(C) جیلانی بانو (D) شافع قدوائی

94. کنڑ زبان کس ریاست میں بولی جاتی ہے ؟

(A) تمل ناڈو (B) اڑیسہ

(C) کرناٹک (D) تلنگانہ

95. افسانہ ''ارجن'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے ؟

(A) شافع قدوائی (B) اسلم مرزا

(C) جیلانی بانو (D) زاہدہ زیدی

96. تراوتی خالی صندوق کہاں سے لائی تھی ؟

(A) قبرستان سے (B) آرا مشین سے

(C) شمشان گھاٹ سے (D) اسپتال سے



BiharboardQuestionpaper.com

nned with CamScanner

## SECTION - B

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھئے : 1 × 10 = 10

(a) عیدالفطر

(b) علم کی اہمیت

(c) یوم آزادی

(d) ٹیلی ویژن

(e) فٹ بال

2. اپنی والدہ کو خط لکھئے جس میں میٹرک کی کامیابی کا ذکر ہو۔ 5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے جس میں کتب خانہ میں درسی کتاب دستیاب کرانے کا ذکر ہو۔

3. درج ذیل سوالات میں سے کسی دس (۱۰) سوالات کا جواب مختصر دیجئے : 10 × 2 = 20

(a) بھابی جان کا کیا نام ہے ؟

(b) بھیم راؤ کی شادی کس عمر میں ہوئی ؟





97. افسانہ "انگریزیا بابو" میں کس ریلوے اسٹیشن کا ذکر ہے ؟

(A) جھنجھار پور (B) نرلی

(C) گھوگھرڈیہا (D) شکری

98. نظم 'دیئے' کا تعلق کس زبان سے ہے ؟

(A) گجراتی (B) پنجابی

(C) مراٹھی (D) اڑیا

99. سیتا کانت مہاپاترا کا تعلق کس زبان سے ہے ؟

(A) اڑیا (B) تیلگو

(C) اردو (D) ملیالم

100. ششیندر شرما کس زبان کے شاعر ہیں ؟

(A) تیلگو (B) کنڑ

(C) اردو (D) ملیالم



BiharboardQuestionpaper.com

nned with CamScanner

(c) نعت کسے کہتے ہیں ؟

(d) تخلص کسے کہتے ہیں ؟ مثال کے ساتھ لکھیے۔

(e) راجندر سنگھ بیدی کا یوم پیدائش کیا ہے ؟

(f) ڈاکٹر عبدالمغنی کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟

(g) نذیر احمد کے کسی دو ناول کا نام لکھیے۔

(h) غالب کی پرورش کس کے زیر سایہ ہوئی ؟

(i) فعل کی تعریف مع مثال لکھیے۔

(j) "انگریزی بابو" میں کس تہذیب پر طنز کیا گیا ہے ؟

(k) ہندی اور اردو میں کیا رشتہ ہے ؟

(l) ملک محمد جائسی کا تعلق کس زبان سے تھا ؟

(m) لطف الرحمٰن کی کسی دو کتابوں کا نام لکھیے۔

(n) غریب اور بے سہارا بچیوں کی مدد کرنا کن کا محبوب مشغلہ تھا ؟





(o) ندا فاضلی کے کسی ایک شعری مجموعہ کا نام لکھیے۔

(p) غالب کب پیدا ہوئے ؟

(q) عارف کی موت پر کس نے مرثیہ لکھا ہے ؟

(r) نسیم کے مشہور مثنوی کا نام لکھیے۔

(s) پروین شاکر کے والد ہجرت کر کے کہاں گئے ؟

(t) انڈیا گیٹ کہاں ہے ؟

4. درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین کا جواب دیجیے : 3 × 5 = 15

(a) "انڈیا گیٹ" کا خلاصہ لکھیے۔

(b) ڈپٹی نذیر احمد کا تعارف پیش کیجیے۔

(c) زیر نصاب مضمون "ریا" کا مرکزی خیال پیش کیجیے۔

(d) رقیہ بھابی کے شوہر کی شخصیت پر چند جملے لکھیے۔

(e) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی جمع لکھیے :

(i) مدرسہ (ii) رائے (iii) صفت (iv) مقصد (v) قلب

(vi) دور (vii) جسم (viii) غرض (ix) حدیث (x) باب



BiharboardQuestionpaper.com
nned with CamScanner

BiharboardQuestionpaper.com

(f) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے اضداد لکھئے :

(i) آرام

(ii) زندہ

(iii) سچ

(iv) شریف

(v) اصل

(vi) شب

(vii) خشک

(viii) روزہ

(ix) غصہ

(x) شوہر

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..



BiharboardQuestionpaper.com